| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: پانی |
|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ صاف پانی پینے اور کھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
- سمجھ سکیں کہ پانی کو چھاننا اور ابالنا پانی صاف کرنے کے طریقے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پانی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ہم پانی پیئے بغیر کتنے دن زندہ رہ سکتے ہیں۔
- آپ کے گھر میں پانی کہاں سے آتا ہے۔

طلبہ سے جواب سے لیں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

طلبہ کو بتائیں اس سبق میں وہ صاف پانی کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 29 سے سبق پڑھوائیں اور پڑھنے کے دوران جہاں مشکل پیش آئے اِن کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو صاف پانی کی اہمیت بتاتے ہوئے بتائیں کہ پانی ہم روز استعمال کرتے ہیں اور یہی پانی ہم کھانے اور پینے کے ذریعے اپنے اندر بھی لے جاتے ہیں۔ اگر یہ پانی گندا ہو تو یہ انسانی جسم اور صحت کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔

- طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ پینے اور کھانا پکانے والے پانی کو صاف رکھیں تاکہ ہم پانی میں موجود نقصان دہ ذرات اور بیماریاں پھیلانے والے جراثیم سے محفوظ رہ سکیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ صاف پانی کے لیے پانی کو ابال کر پیئے یا پھر فلٹر والا پانی استعمال کریں۔
- گھروں میں استعمال ہونے والا پانی ڈھک کر رکھیں۔
- پانی کا فضول استعمال نہ کریں۔
- طلبہ کو پانی پینے کی دُعا بتائیں۔
- طلبہ کو پانی پینے کے فائدوں سے آگاہ کریں۔
- انھیں گندے پانی کے مضر اثرات کے بارے میں بھی بتائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| نُقصان دِہ | نُق۔صان | خسارہ/گھاٹا |
| ذرّات | ذَر۔رات | چھوٹے چھوٹے ریزے |
| محفوظ | مَح۔فوظ | حفاظت کیا گیا/ صحیح سلامت |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ پانی کن کن کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں؟

کیا آپ نے اپنے ارد گرد فلٹریشن پلانٹ دیکھا ہے؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اپنے اساتذہ کی مدد سے چارٹ بنائیں جس سے پانی احتیاط سے استعمال کرنے کی اہمیت واضح ہو۔

| سبقی منصوبہ بندی: 2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: پانی

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں کہ صاف پانی پینے اور کھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
- سمجھ سکیں کہ پانی کو چھاننا اور ابالنا پانی صاف کرنے کے طریقے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پودے'' لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- پانی کو صاف کیسے کیا جائے۔
- آپ کے گھر میں پانی کہاں سے آتا ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 29 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ پڑھنے کے دوران مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو اس صفحہ پر دی ہوئی تصاویر دکھائیں اور بتائیں یہ پانی صاف کرنے کے طریقے ہیں۔
- طلبہ سے پانی صاف کرنے کی سرگرمیوں کی فہرست بنوائیں۔
- تختہ تحریر پر پانی کو ابالنے اور فلٹر کرنے کے طریقوں کے بارے میں لکھیں اور انھیں ان طریقہ کار کے بارے میں بتائیں۔

### پانی کو اُبالنا:

پانی کو ابالنے کے لیے پانی کو برتن میں ڈال کر آگ میں رکھا جاتا ہے۔اس عمل سے پانی میں موجود تمام جراثیم مر جاتے ہیں۔

**پانی کو فلٹر کرنا:**

پانی کو فلٹر کرنے کے لیے پانی کو فلٹر پیپر سے گزارا جاتا ہے۔اس طرح مٹی کے ذرات فلٹر پیپر پر رہ جاتے ہیں اور پانی صاف ہو جاتا ہے۔

- انھیں بتائیں فلٹریشن پلانٹ کے ذریعے اپنی زیادہ مقدار میں پانی صاف کرتے ہیں۔
- ہر علاقے میں ایک فلٹر پلانٹ لگا ہوتا ہے جو ہمیں پینے کے لیے صاف پانی مہیاء کرتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| چھاننا | چھان۔نا | صاف کرنا |
| فلٹریشن پلانٹ | فل۔ٹَر | پانی صاف کرنے والا آلہ |
| جراثیم | ج۔را۔شیم | نباتات یا کپڑا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گئے سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں:

آپ کے ارد گرد کوئی واٹر فلٹر ہے؟

گندے پانی سے ہونے والی بیماریوں کے نام بتائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ کا گروپ بنائیں جس میں چند بچوں کو مریض کا کردار ادا کرنے کو کہیں اور چند بچوں کو ڈاکٹر کا۔ مریض بچے ڈاکٹر کے پاس علاج کے لیے جائیں۔ڈاکٹر انھیں بتائیں کہ آپ کو ہیضہ ہے جو کہ گندا پانی پینے کی وجہ سے ہے۔ڈاکٹر انھیں صاف پانی کی ہدایت دیں۔خاکہ پیش کرنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: پانی**

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ پاکستان کے کچھ علاقوں میں پانی کی کمی رہتی ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پانی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

ہمیں پانی کیوں احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے؟ اپنی رائے دیں۔

انھیں باری باری جواب دینے اور بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں وہ پانی کی کمی والے علاقوں کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 30 سے متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ دنیا میں بہت سے علاقے ہیں جہاں پانی کی کمی ہے۔ مثلاً لیبیا، مغربی صحارا، یمن، جبوتی اور اردن۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پاکستان کے کئی علاقے بھی پانی کی کمی کا شکار ہیں۔ ان میں صوبہ سندھ اور بلوچستان کے علاقے نمایاں ہیں۔ مثلاً ٹھٹھہ، بدین، تھرپارکر، وغیرہ۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو پاکستان کو پانی کے شدید بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اگر پانی کے نئے ذخائر نہ بنائے گئے اور پانی کے ضیاع کو نہ روکا گیا تو پاکستان کو قحط جیسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑے گا۔

- ماہرین کے مطابق بڑھتی ہوئی آبادی، پانی کی کمی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث حکام کو فوری طور پر احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہوں گی تاکہ قحط سے بچا جا سکے۔
- طلبہ کو انٹرنیٹ کی مدد سے پاکستان کے ان علاقوں کے بارے میں معلومات دیں جہاں لوگوں کو پانی کی قلت کا سامنا ہے۔
- طلبہ کو پانی کی کمی کی وجوہات بتائیں۔

پانی کا ضرورت سے زیادہ استعمال

ڈیموں کی کمی

پانی کا بے تحاشا حصول

- پانی کی کمی کو دُور کرنے کے لیے ہمیں پانی ضائع ہونے کے تمام عوامل پر قابو پانا چاہیے۔
- طلبہ کو بھی ہدایت دیں کہ وہ پانی ضائع نہ کریں اور اپنے گھر میں رہنے والے باقی افراد کو بھی ہدایت کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بے تحاشا | بے۔ تحاشا | بہت زیادہ |
| مرمت | مَ۔رَم۔مت | چیز کو ٹھیک کرنا |
| بروقت | بر۔وقت | وقت پر |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

پانی کی کمی کی وجہ سے لوگوں کو کون کونسی مشکلات پیش آرہی ہیں؟ ساتھیوں سے بات چیت کریں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: پانی | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام: ____________ |
| --- | --- | --- |

سوال 1: دی ہوئی تصاویر دیکھیں اور اُس تصویر پر (✓) کا نشان لگائیں جس میں پانی ضائع ہو رہا ہے۔











